تاریخ:20-4-2024

محترم جناب علی امین گنڈاپور صاحب!

وزیر اعلی کے پی کے

السلام علیکم! آپ کی قیادت میں اللہ تعالی نے پی ٹی آئی کو ایک اور تاریخی موقع فراہم کیا ہے پاکستان کی سمت درست کرنے کا۔ مشکل وقت میں قیادت کرنا صرف ایک بہادر نڈر انسان کے حصہ میں آتا ہے۔ آپ نے تاریخ کی کون سی سمت کھڑا ہونا ہے اس کے انتخاب کرنے کا یہی وقت ہے۔ مندرجہ ذیل نقاط پر آپ کی توجہ کی درخواست ہے۔

I. معاشی نظام

II. انتظامی نظام

III. تعلیمی نظام

IV. سیاسی نظام

بظاہر یہ سب مسائل کی آماج گاہ ہیں مگر ام المسائل موجودہ سودی معاشی نظام ہے اس نظام کو تبدیل کئے بغیر پاکستان کا معاشی کیا کوئی بھی مسئلہ حل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کے پی کے حکومت کو یہ اعزاز حاصل ہو تو ہماری خدمات حاضر ہیں۔ ہم آپ کو ایک مختصر پریزینٹیشن دینا چاہتے تا کہ اورسیز آپ کے ساتھ مل کر اپنے ملک کی ترقی میں حصہ ڈال سکیں۔ ہمیں اندازہ ہے بظاہر تمام مسائل کے حل کے لئے دولت کی ضرورت ہے اس پر بھی اورسیز کام کرنے کو تیار ہیں مگر حکومتی سطح پر کوئی سنجیدہ نظر آئے تو یہ مسئلہ بھی حل کر سکتے ہیں۔

- نجی طور پر ہم نے مانسرہ میں بناسود معیشت کا تجرباتی آغاز کیا ہے جہاں مسجد، مدرسہ اور تجارتی منڈی نظام قائم کی ہے جس کے نتائج بہت حوصلہ افزا ہیں اور مقامی طور پر بڑی کامیابی، پزیرائی اور ستائش ملی ہے۔ ایک طرف خودداری کو مجروح کئے بغیر تجارت کے زرائع پیدا کئے، وہاں زیر تعلیم بچوں کو ہنر، ایماندار تاجر اور مختلف تجارتی علوم کی تعلیم دی جارہی اور صارف کو اصلی مال سستے داموں میسر ہے۔
- تعلیمی نظام کو از سر نو ترتیب دینا ہو گا مطلب پہلی جماعت سے بچوں کو تحقیق پر لگانا ہو گا۔ پرائمری جماعت کے اساتذہ کی تنخواہ یونیورسٹی کے پروفیسر سے زیادہ کرنا ہو گی اور ہر سکول میں کم از کم ایک ماہر نفسیات استاد کو بھرتی کیا جائے گا۔
- موجودہ طاقت پر قائم سیاسی نظام اور انتظامی نظام کو اخلاقی اقدار پر استوار کئے بغیر سیاست درست ہو گی نہ انتظامیہ درست طریقہ پر کام کر سکے گی۔ اس کی وجہ سے دوسرے تمام شعبے استحصالی ادارے بن جاتے ہیں یوں ریاست ناکامی کے راستے پر گامزن ہو جاتی ہے۔

خیر اندیش

انجینئر ارشد نعیم چوہدری , بانی صدر پی ٹی آئی۔ کویت

فون نمبر:+965 98505844

ای میل ایڈریس۔arshadnaeemch@gmail.com